2024-10-15

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

.1 وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں ٹیلی مواصلات کے عالمی معیارات سے متعلق اسمبلی، ITU اور انڈیا موبائل کانگریس کا افتتاح کریں گے۔

2 جموں و کشمیر کے لیٹفننٹ گورنر منوج سنہا نے نیشنل کانفرنس کے رہنما عمر عبد اللہ کو نئی حکومت تشکیل دینے کے لیے مدعو کیا ہے۔ حلف برداری کی تقریب کَل صبح ساڑھے گیارہ بجے سری نگر میں ہوگی۔

3 بھارت نے اپنے ایلچی کو کینڈا سے واپس بلانے کے بعد کینڈا کے کارگزار ہائی کمشنر سمیت چھ سفارتکاروں سے ملک سے چلے جانے کو کہا ہے۔

4 وزیر خارجہ ایس جے شنکر اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لیے آج پاکستان کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

5 دلی میں ہوا کا معیار خراب کے زمرے میں داخل ہوگیا ہے۔ حکومت نے پورے قومی راجدھانی خطے میں GRAP کے پہلے مرحلے کو نافذ کردیا ہے۔

6 اور کرکٹ میں:

خواتین کے ٹی ٹوئینٹی عالمی کپ میں نیوزیلینڈ نے پاکستان کو ہرادیا ہے۔ اِس کے سبب، بھارت ٹورنامنٹ سے باہر ہوگیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

ITU WTSA IMC

وزیراعظم نریندر مودی آج صبح نئی دلی کے بھارت منڈپم میں بین الاقوامی ٹیلی مواصلاتی یونین ITU کی ٹیلی مواصلات کے عالمی معیارات سے متعلق اسمبلی 2024 کا افتتاح کریں گے۔

وزیراعظم اِس پروگرام کے دوران آٹھویں انڈیا موبائیل کانگریس 2024 کا بھی افتتاح کریں گے۔WTSA اقوام متحدہ کی ڈجیٹل ٹیکنالوجیوں کی ایجنسی، بین الاقوامی ٹیلی مواصلاتی یونین کے معیارات کے کام کاج کی حکمرانی سے متعلق کانفرنس ہے، جس کا انعقاد ہر چار برس میں کیا جاتا ہے۔ یہ پہلی مرتبہ ہے ITU-WTSA کی میزبانی بھارت اور ایشیا بحر الکاہل میں کی جا رہی ہے۔

ٹیلی مواصلات کے معیارات سے متعلق کانفرنس، ایک اہم عالمی تقریب ہے جو کہ 190 سے زیادہ اُن ملکوں کے 3ہزار سے زیادہ تکنیکی ماہرین، صنعتی رہنماؤں اور پالیسی سازوں کو یکجا کرسکے گی، جو ٹیلی کام، ڈیجیٹل اور ICT سیکٹروں کی نمائندگی کررہے ہیں۔ یہ اِن ملکوں کو ایک پلیٹ فارم بھی فراہم کرے گی جس سے کہ G6، مصنوعی ذہانت، انٹرنیٹ آف Things، بڑے ڈاٹا اور سائبر سکیورٹی جیسی اگلے دور کی اہم ٹیکنالوجیوں کے معیارات کے مستقبل پر تبادلہئ خیال اور فیصلہ کیا جاسکے گا۔ بھارت میں اس تقریب کی میزبانی کرنے سے ملک کو عالمی ٹیلی مواصلات کے ایجنڈے کو ایک شکل دینے میں کلیدی رول ادا کرنے کا موقع ملے گا اور ساتھ ہی مستقبل کی ٹیکنالوجیوں کیلئے لائحہئ عمل طے کرنے کی راہ ہموار ہوگی۔

بھارت کے اسٹارٹ اَپس اور تحقیقی ادارے، دانشورانہ املاکِ حقوق اور معیار کے لازمی Patents کو فروغ دینے میں اہم معلومات حاصل کرسکیں گے۔ اِس میں 120 سے زیادہ ممالک، 400 سے زیادہ نمائش کار اور تقریباً 900 اسٹارٹ اَپس حصہ لیں گے۔

Rev. J&K LG Govt Formation

جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے نیشنل کانفرنس کے رہنما عمر عبداللہ کو مرکز کے زیر انتظام علاقے میں نئی حکومت تشکیل دینے کے لیے مدعو کیا ہے۔ مرکز کی جانب سے جموں و کشمیر میں صدر راج ختم کیے جانے کے ایک دن بعد یہ اقدام سامنے آیا ہے۔ لیٹفننٹ گورنر منوج سنہا کو نیشنل کانفرنس کی جانب سے ایک مکتوب موصول ہونے کے بعد، جس میں یہ کہا گیا تھا کہ عمر عبد اللہ کو اتفاق رائے سے قانون ساز پارٹی کا رہنما منتخب کیا گیا ہے، انھوں نے نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبد اللہ کو وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف لینے کے لیے مدعو کیا۔ لیفٹننٹ گورنر کے ایلچی نے کل جناب عبد اللہ کو یہ خط سونپا اور انھیں حلف برداری کی تقریب کے دن اور وقت کے بارے میں مطلع کیا۔حلف برداری کی تقریب سری نگر میں SKICC میں کَل صبح ساڑھے گیارہ بجے ہوگی۔x

President Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بھارت اور الجیریا کے درمیان وسیع معاشی تعاون کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ الجیریا کی راجدھانی الجیئرس میں الجیریا بھارت معاشی فورم سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے باہمی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے اور تعاون کے ایک نئے دور کو نئی جہت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

صدر جمہوریہ مرمو تین ملکوں الجیریا، Mauretania اور Malawi کے اپنے دورے کے حصے کے طور پر الجیئرس میں ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C- Mayusha

Algerian بھارت معاشی فورم سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ الجیریا کی قیادت کے ساتھ مختلف امور پر گفتگو کرنا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ الجیریا، سرمایہ کاری کے مواقع بڑھانے اور انھیں فروغ دینے کے تئیں عہد بستہ ہے۔ بھارت افریقہ میں ایک بڑا سرمایہ کار ملک ہے اور بھارت اور الجیریا دونوں کے وسیع معاشی تعلقات ہیں اور ابھی مکمل صلاحیتوں کو بروئے کار لانا ہے۔ خاص

طور پر تعمیرات اٹوموبائیلز، دوا سازی وغیرہ میں صدر جمہوریہ نے میک اِن انڈیا پہل میں الجیریا کی کمپنیوں کو بھی مدعو کیا۔

انھوں نے مزید کہا کہ بھارت اور الجیریا کو مل کر کام کرتے رہنا چاہیے۔ اور اس طرح دونوں ملکوں کے درمیان موجودہ خوشگوار تعلقات کو وسعت دینا چاہئے۔

الجیریا کے لیے آج صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے دورے کا تیسرا دن ہے۔ صدر جمہوریہ مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گی اور بھارت کے سابق صدر اے پی جے عبد الکلام کو ان کی سالگرہ پر ان کی تصویر پر گلہائے عقیدت پیش کریں گی۔

بعد میں صدر جمہوریہ، Sidi عبد اللہ سائنس اور ٹیکنالوجی Pole یونیورسٹی سے خطاب کریں گی۔

تین ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں صدر جمہوریہ مرمو کل Maurttania کے لیے روانہ ہوجائیں گی اور دورے کے آخری مرحلے کے تحت صدر جمہوریہ 17 سے 19 تاریخ تکMalawi کا دورہ کریں گی۔

ان ملکوں کے دورے کے دوران صدر جمہوریہ وہاں کے ملکوں کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ باہمی میٹنگیں کریں گی اور کلیدی، تجارتی اور صنعتی رہنماؤں کے علاوہ غیر مقیم بھارتیوں کے ساتھ بات چیت کریں گی۔ ان کے تین ملکوں کے دورے کا مقصد افریقہ میں ان ملکوں کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو مزید وسعت دینا اور مستحکم کرنا ہے۔x

India Canada Diplomats

بھارت نے کنیڈا کے کارگزار ہائی کمشنر

Stewart Ross Vheeler، ڈپٹی ہائی کمشنر Patrick Hebert، فرسٹ سکریٹریز Marie Catherine Joly، Lan Ross David Trites، Adam James Chuipka اور Paula Orjuela سمیت 6 کناڈیائی سفارتکاروں کو ملک سے نکال دیا ہے۔ اُن سے کہا گیا ہے کہ وہ 19 اکتوبر تک یا اِس سے پہلے بھارت چھوڑ دیں۔

بھارت نے کنیڈا میں اپنے ہائی کمشنر اور نشانہ بنائے گئے دیگر سفارتکاروں اور افسروں کو یہ کہتے ہوئے واپس بلا لیا ہے کہ اُن کے تحفظ کو یقینی بنانے کے عزم کے تعلق سے اُسے یقین نہیں رہا ہے۔ اِسی سے متعلق ایک اور واقعہ یہ ہوا ہے کہ کَل شام نئی دلّی میں وزارت خارجہ میں مشرق سے متعلق سکریٹری کے ذریعہ کنیڈا کے ناظم الامور کو طلب کیا گیا تھا۔ اُنہیں اطلاع دی گئی کہ کنیڈا میں بھارتی ہائی کمشنر اور دیگر سفارتکاروں اور اہلکاروں پر بے بنیاد بہتان تراشی مکمل طور پر ناقابل قبول ہے۔

اِس بات کی بھی تاکید کی گئی کہ انتہا پسندی اور تشدد کے ماحول میں Trudeau حکومت کے اقدامات نے اُن کے تحفظ کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔

اِس بات سے بھی آگاہ کیا گیا کہ بھارت، Trudeau حکومت کے انتہا پسندی، تشدد اور بھارت کے خلاف علاحدگی کی حمایت کے جواب میں مزید اقدامات کرنے کا حق رکھتا ہے۔

اِس سے قبل بھارت نے اِن دعوؤں کو سختی سے مسترد کیا کہ کنیڈا میں بھارتی ہائی کمشنر اور دیگر سفارتکار اُس ملک میں ایک تحقیقات سے متعلق معاملے میں Persons of Interest کی حیثیت رکھتے ہیں۔

اِس معاملے سے متعلق کنیڈا سے سفارتی خط کے جواب میں امور خارجہ کی وزارت نے اِسے بعید از قیاس الزامات قرار دیا ہے اور اِنہیں Trudeau حکومت کا سیاسی ایجنڈا قرار دیا ہے جو کہ ووٹ بینک کی سیاست کے اِردگرد مرکوز ہے۔

وزارت خارجہ نے کہا کہ چونکہ کنیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے پچھلے سال ستمبر میں کچھ الزامات لگائے تھے، جسے کنیڈا کی حکومت نے بھارت کے ساتھ کوئی ثبوت مشترک نہیں کئے تھے۔ حالانکہ کئی بار اس سلسلے میں درخواست کی گئی تھی۔ وزارت خارجہ نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ٹروڈو حکومت نے کنیڈا میں بھارتی سفارتکاروں اور بھارتی کمیونٹی کے رہنماؤں کو ہراساں کرنے، انہیں دھمکانے، تشدد، انتہاپسندی اور دہشت گردی کیلئے جان بوجھ کر موقع فراہم کیا ہے۔ اِس میں بھارتی رہنماؤں اور سفارتکاروں کو ہلاک کرنے کے خطرات شامل ہیں۔

وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ کنیڈا کیلئے بھارتی ہائی کمشنر سنجے کمار ورما، بھارت کے سب سے سینئر سفارتکار ہیں جو 36 سال سے ایک سفارتکار کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وزارت نے کہا کہ کنیڈا کی حکومت کی جانب سے اُن پر بہتان لگانا مضحکہ خیز ہے۔X

Jaishankar SCO

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے آج اسلام آباد کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ اِس سے پہلے وزیر خارجہ نے کہا تھا کہ اُن کا پاکستان کا دورہ ایک کثیر مقصدی تقریب کیلئے ہے اور انھوں نے باہمی گفتگو کرنے سے انکار کردیا تھا۔ 9 سال میں کسی پڑوسی ملک کیلئے بھارتی وزیر خارجہ کا یہ پہلا اعلیٰ سطحی دورہ ہوگا۔

شنگھائی تعاون تنظیم ایک مستقبل بین حکومتی بین الاقوامی تنظیم ہے، جو 9 ممبر ملکوں پر مشتمل ہے جن میں بھارت، ایران، قزاقستان، چین، جمہوریہ کرغستان، پاکستان، تاجکستان اور ازبیکستان شامل ہیں۔

شنگھائی تعاون تنظیم کانفرنس کے دوران ممبر ملکوں کے درمیان باہمی اعتماد کو مستحکم کرنے پر توجہ دی جائے گی، ساتھ ہی سیاست، تجارت، معیشت، تحقیق، ٹیکنالوجی اور ثقافت میں موثر تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔X

Shaha IPS Interaction

وزیر داخلہ امت شاہ، آج نئی دلی میں بھارتی پولیس سروس کے زیر تربیت افسروں سے بات چیت کریں گے۔ میٹنگ کے دوران یہ افسران وزیر داخلہ کے ساتھ اپنے تربیتی تجربات مشترک کریں گے اور ملک کی اندرونی سلامتی سے متعلق چیلنجوں سے نمٹنے کے سلسلے میں جناب شاہ سے رہنمائی بھی حاصل کریں گے۔

انڈین پولیس سروس 2023 بیچ میں، 54 خواتین افسروں سمیت کُل 188 تربیت پانے والے افسروں نے اپنے بنیادی کورس کی تربیت کا مرحلہ ایک مکمل کرلیا ہے۔ دلی میں مرکزی مسلح فورسز (CAPF) اور سینٹرل پولیس آرگنائزیشن کے ساتھ تربیت کے دو ہفتے کے بعد تربیت پانے والے IPS افسران اپنے اپنے متعلقہ کیڈرس میں عملی تربیت کے 29 ہفتے گزاریں گے۔X

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

CAQM Air Qualit

ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن نے پورے قومی راجدھانی خطے میں رفتہ رفتہ اقدامات سے متعلق منصوبے GRAP کے پہلے مرحلے کو نافذ کردیا ہے۔ ہوا کے معیار سے متعلق اشاریے کے 234 تک پہنچنے کے بعد ایسا کیا گیا ہے جو کہ خراب کے زمرے میں آتا ہے۔ اِس کے پیش نظر پورے قومی راجدھانی خطے میں آج صبح آٹھ بجے سے GRAP کے پہلے مرحلے کے مطابق اقدامات سے متعلق 27 نکاتی منصوبہ نافذ کردیا گیا ہے۔ دلی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کے معیار کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے کَل ہوئی میٹنگ میں CAQM کی ذیلی کمیٹی کی جانب سے اس سلسلے میں فیصلہ کیا گیا۔

اِس منصوبے میں NCR ریاستوں کے آلودگی کی روک تھام کے بورڈس اور آلودگی کے کنٹرول سے متعلق دلی کمیٹی سمیت مختلف ایجنسیوں کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات شامل ہیں۔

اِن میں تعمیراتی اور انہدامی سرگرمیوں میں دھول مٹی سے نمٹنے اور کوڑے کرکٹ کو پابندی سے اٹھائے جانے کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کے حوالے سے ہدایات شامل ہیں۔

کمیشن نے ایجنسیوں سے کہا ہے کہ وہ Anti Smog guns کے استعمال، سڑک کی تعمیر، مرمت، اور رکھ رکھاؤ کی سرگرمیوں میں دھول مٹی کو اڑنے سے روکنے کے لیے پانی کے چھڑکاؤں میں تیزی لائیں۔ وہ اس بات کو بھی یقینی بنائیں گی کہ بجلی کی سپلائی کے لیے ڈیزل جنریٹر سیٹ استعمال نہ کیے جائیں۔x

TN Rain

شمالی مشرقی مانسون کے آغاز کے ساتھ تملناڈو میں اِس سیزن کی پہلی بارش کا امکان ہے۔موسمیات کے علاقائی محکمے کے مطابق خلیجِ بنگال میں جاری سرگرمی کی وجہ سے ساحلی علاقے اور کچھ اندرونی اضلاع کے مخصوص علاقوں میں دور دور تک شدید بارش جاری رہ سکتی ہے۔

چنئی سے Villupuram تک ساحلی اضلاع میں اس مہینے کی 18 تاریخ تک شدید بارش کی وارننگ جاری کی گئی ہے۔ چنئی، ترو ولَور، کانچی پورم، اور دیگر علاقے میں گرج چمک کے ساتھ مسلسل بارش جاری ہے۔ ریاستی حکومت موجودہ صورتحال سے پوری طرح تیار ہے۔x

India Colombia Mou

بھارت اور کولمبیا کے درمیان آج نئی دلی میں، Audiovisual Co-production سمجھوتے پر دستخط کئے جائیں گے۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن بھارت کی جانب سے دستخط کریں گے، جبکہ کولمبیا کے نائب وزیر خارجہ Jorge Enrique Rojas Rodriguez اپنے ملک کی نمائندگی کرتے ہوئے سمجھوتے پر دستخط کریں گے۔

توقع ہے کہ یہ سمجھوتہ اختراعی، آرٹسٹک، تکنیکی، مالی اور Co-production کیلئے مارکیٹنگ وسائل میں دونوں ملکوں کے پروڈیوسرز کو فائدہ پہنچائے گا۔

اِس سمجھوتے سے دونوں ملکوں کے درمیان ثقافت اور آرٹ کے تبادلوں کی راہ ہموار ہوگی اور یہ دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان بہتر مفاہمت اور خیرسگالی بھی پیدا کرے گا، جسے دونوں ملکوں کے درمیان ثقافتی تعلقات کو تقویت ملے گی۔

بھارت نے 16 ملکوں کے ساتھ Co-production کے سمجھوتے کئے ہیں۔ کولمبیا ایسا 17واں ملک ہے جس کے ساتھ بھارت، Co-production سمجھوتے پر دستخط کررہا ہے۔X

Womens' T20 Pak NZ Result

خواتین کے ٹی ٹوئینٹی کرکٹ عالمی کپ میں کَل رات دبئی بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں نیوزی لینڈ نے پاکستان کو 54 رن سے ہرا دیا اور وہ سیمی فائنل میں پہنچنے والی گروپ اے کی دوسری ٹیم بن گئی۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے نیوزی لینڈ نے پاکستان کو 111 رن کا ہدف دیا۔ اس کے جواب میں پاکستان کی ٹیم گیارہ اوور اور چار گیندوں میں محض 56 رن پر سمٹ گئی۔

اس کے نتیجے میں بھارتی ٹیم ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئی ہے۔ بھارتی ٹیم گروپ اے میں تیسرے مقام پر رہی اور اس کے   دو میچ جیتنے اور دو ہارنے کے بعد چار پوائنٹس تھے۔

افتتاحی مقابلے میں نیوزی لینڈ سے 58 رن سے ہارنے اور اتوار کو آسٹریلیا سے معمولی فرق سے شکست کے سبب بھارتی ٹیم سری لنکا اور روایتی حریف پاکستان کو ہرانے کے باوجود آخری مرحلے میں نہیں پہنچ سکی۔ آسٹریلیا سبھی چار میچ جیتنے کے بعد سرفہرست ہے جبکہ نیوزی لینڈ چار میچوں سے چھ پوائنٹس حاصل کرکے دوسری پوزیشن پر ہے۔x

Badminton

ڈنمارک اوپن 2024 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں، دو مرتبہ کی اولمپک تمغہ جیتنے والی، پی وی سندھو آج شام، خواتین کے سنگلز مقابلے کے پہلے راؤنڈ میں چائنیز تائے پی کی Pai Yu Po کا سامنا کریں گی۔

اُدھر لکشیہ سین آج سہ پہر چین کے Lu Guang Zu کے خلاف کھیلیں گے۔X

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ارجمند علی خاں

شکریہ - کلیم احمد

دلی سے شائع ہونے والے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے بھارت-کنیڈا سفارتی تعلقات میں آئی تلخی سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے بھارت نے کنیڈا سے اپنے سفیر کو واپس بلایا، بھارتی سفارتکاروں کے تحفظ کے تئیں سرکار فکر مند، دیگر اہلکاروں کو بھی واپس بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔

آلودگی سے پاک اجتماعی کوشش کے سلسلے کے تحت دلی میں پٹاخوں پر پابندی کے تعلق سے روزنامہ ملاپ کی سرخی ہے: دلی حکومت کا فیصلہ، فضائی آلودگی سے نمٹنے کیلئے یکم جنوری 2025 تک پٹاخوں کی تیاری، فروخت اور استعمال پر پابندی رہے گی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے نوبل انعام دیئے جانے سے متعلق لکھا ہے امریکہ اور برطانیہ کے تین سائنسدانوں کو اقتصادیات کے نوبل انعام سے نوازا گیا۔ معاشیات کا یہ نوبل انعام تین ماہرین اقتصادیات کو دیا گیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کے اس بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے جس میں انہوں نے کہا کہ لبنان میں امن دستوں پر حملے جنگی جرائم میں شمار ہوسکتے ہیں۔X

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں ٹیلی مواصلات کے عالمی معیارات سے متعلق اسمبلی، ITU اور انڈیا موبائل کانگریس کا افتتاح کریں گے۔

2 جموں و کشمیر کے لیٹفننٹ گورنر منوج سنہا نے نیشنل کانفرنس کے رہنما عمر عبد اللہ کو نئی حکومت تشکیل دینے کے لیے مدعو کیا ہے۔ حلف برداری کی تقریب کَل صبح ساڑھے گیارہ بجے سری نگر میں ہوگی۔

3 بھارت نے اپنے ایلچی کو کینڈا سے واپس بلانے کے بعد کینڈا کے کارگزار ہائی کمشنر سمیت چھ سفارتکاروں سے ملک سے چلے جانے کو کہا ہے۔

4 وزیر خارجہ ایس جے شنکر اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لیے آج پاکستان کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

5 دلی میں ہوا کا معیار خراب کے زمرے میں داخل ہوگیا ہے۔ حکومت نے پورے قومی راجدھانی خطے میں GRAP کے پہلے مرحلے کو نافذ کردیا ہے۔

6 اور کرکٹ میں:

خواتین کے ٹی ٹوئینٹی عالمی کپ میں نیوزیلینڈ نے پاکستان کو ہرادیا ہے۔ اِس کے سبب، بھارت ٹورنامنٹ سے باہر ہوگیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔